PhD (Urdu)/E.T/2021

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**Booklet Serial No.**

پی ایچ ڈی (اُردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2021

PhD (Urdu) Entrance Test - 2021

Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

1. پنشن کے مقدمے کے سلسلے میں غالب کلکتہ کب پہنچے؟

(A) 15 مارچ 1827
(B) 21 فروری 1828
(C) 10 اگست 1829
(D) 21 اگست 1830

2. 'دیوان فائز' کے پہلے مرتب کون ہیں؟

(A) محمد حسن
(B) عبادت بریلوی
(C) مسعود حسن رضوی
(D) کامل قریشی

3. ''صاحب جی'' کس شاعر کی محبوبہ تھی؟

(A) مومن
(B) غالب
(C) حسرت موہانی
(D) داغ

4. کس محقق نے ٹیوبن گن لائبریری (جرمنی) سے 'کربل کتھا' کے مخطوطے کا عکس حاصل کیا؟

(A) پروفیسر نذیر احمد
(B) ڈاکٹر مختار الدین احمد
(C) مالک رام
(D) نورالحسن ہاشمی

5. شمالی ہند کی پہلی نثری داستان کون سی ہے؟

(A) طوطا کہانی
(B) نو آئین ہندی
(C) نوطرز مرصع
(D) قصہ مہر افروز و دلبر

6. کس شاعر کا انتقال حیدرآباد میں نہیں ہوا؟

(A) شاہ نصیر
(B) یگانہ چنگیزی
(C) امیر مینائی
(D) ظہیر دہلوی

7. ذوق کے قصائد یا تو اکبر شاہ ثانی کی مدح میں ہیں یا بہادر شاہ ظفر کی مدح میں۔ لیکن انہوں نے ایک قصیدہ ایک صوفی بزرگ کی منقبت میں لکھا ہے۔ ان کا نام کیا ہے؟

(A) حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی
(B) حضرت نظام الدین محبوب الٰہیؒ
(C) عاشق نہال چشتی
(D) حضرت مجدد الف ثانیؒ

8. مومن کا دیوان تصحیح، تحشیہ اور مقدمے کے ساتھ مرتب کر کے کس نے شائع کروایا؟

(A) عبادت بریلوی (B) تمکین کاظمی

(C) ظہیر احمد صدیقی (D) ضیا احمد بدایونی

9. سید محمد ہاشم نے فن تحقیق سے متعلق کون سی کتاب مرتب کی؟

(A) تحقیق و تدوین (B) رہبر تحقیق

(C) اصول تحقیق و ترتیب متن (D) ادبی اور لسانی تحقیق اصول اور طریقہ کار

10. ''حوالہ اور صحت متن'' کس کا مضمون ہے؟

(A) ڈاکٹر عندلیب شادانی (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

(C) رشید حسن خان (D) ڈاکٹر سید عبداللہ

11. ''تصحیح و تحقیق متن'' کس کے خطبات کا مجموعہ ہے جو بمبئی یونیورسٹی میں دیے گئے؟

(A) تنویر احمد علوی (B) پروفیسر عبدالستار دلوی

(C) ڈاکٹر خلیق انجم (D) نذیر احمد

12. قدیم مخطوطات میں کاتب کتاب کے خاتمے پر اپنا نام، ولدیت، کتاب کا عنوان، مصنف کا نام، سنہ کتابت، مقام کتابت، فرمائش کنندہ کا نام جس کے لیے مخطوطہ نقل کیا گیا وغیرہ، ان میں سے سب یا چند باتوں کی مختصراً وضاحت کرتا ہے۔ اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) توقیت (B) تصحیف

(C) ترقیمہ (D) تتمہ

13. اردو کی پہلی داستان اور دکنی ادب کی شاہکار نثری تصنیف 'سب رس' کو کس نے دریافت کیا؟

(A) حکیم شمس اللہ قادری (B) مولوی عبدالحق

(C) پروفیسر سیدہ جعفر (D) ڈاکٹر حمیرہ جلیلی

14. فورٹ ولیم کالج کے سب سے کثیر التصانیف منشی کون ہیں؟

(A) میر امن (B) سید حیدر بخش حیدری

(C) میر بہادر علی حسینی (D) میر شیر علی افسوس

15. ''عبدالحق بحیثیت محقق''، کس کا مشہور مضمون ہے؟

(A) قاضی عبدالودود
(B) عبادت بریلوی
(C) خواجہ احمد فاروقی
(D) گیان چند جین

16. کتب خانہ سالار جنگ (سالار جنگ میوزیم) میں مخزونہ اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست کس نے مرتب کی ہے؟

(A) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور
(B) پروفیسر رفیعہ سلطانہ
(C) نصیر الدین ہاشمی
(D) سید سعادت علی رضوی

17. یہ قول کس کا ہے: '' تحقیق غلطی کی گھات میں لگی رہتی ہے۔''

(A) مولوی عبدالحق
(B) محمود شیرانی
(C) قاضی عبدالودود
(D) رشید احمد صدیقی

18. ولیؔ دکنی کا دیوان تحقیقی اصولوں کے مطابق سب سے پہلے کس نے مرتب کیا؟

(A) اشپرنگر
(B) گارساں دتاسی
(C) اسٹیوارٹ
(D) بلوم ہارٹ

19. کس محقق نے یہ ثابت کیا کہ ''معراج العاشقین'' خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ کی تصنیف نہیں ہے بلکہ ان کے دوڈھائی سو سال کے بعد کے مصنف کا کارنامہ ہے۔

(A) ڈاکٹر زور
(B) مولوی عبدالحق
(C) جمیل جالبی
(D) ڈاکٹر حفیظ قتیل

20. ''مقالات حافظ محمود شیرانی'' کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(A) چھے
(B) سات
(C) آٹھ
(D) نو

21. اردو میں ادب کی متعدد علاقائی تاریخیں لکھی گئی ہیں۔ اردو کی پہلی علاقائی تاریخ ادب کون سی ہے؟

(A) پنجاب میں اردو
(B) مدراس میں اردو
(C) دکن میں اردو
(D) بہار میں اردو زبان و ادب کا ارتقا

22. کس کتاب میں پہلی بار دلی اور لکھنو کے دبستانوں کا تصور ملتا ہے؟

(A) آب حیات (B) شعرالہند

(C) دو ادبی اسکول (D) کاشف الحقائق

23. 'خواجہ میر درد؛ تصوف اور شاعری' کس کی تصنیف ہے؟

(A) پروفیسر عنوان چشتی (B) ڈاکٹر وحید اختر

(C) ڈاکٹر ظہیر احمد صدیقی (D) ڈاکٹر فضل امام

24. کسی متن (عموماً نثری متن) میں دوسروں کے اشعار، اقوال، آیات و احادیث وغیرہ کی نشاندہی کرنے اور متن کے آخر میں انہیں یکجا کرنے کا عمل کیا کہلاتا ہے؟

(A) توقیف (B) تحریف

(C) تنشیر (D) تخریج

25. کس دکنی مثنوی کو اس طرح مدوّن کیا گیا ہے کہ ایک صفحے پر اصل مخطوطے کا عکس اور اس کے مقابل کے صفحے پر محقق کا حل کردہ متن پیش کیا گیا ہے؟

(A) چندر بدن و مہیار (B) خاورنامہ

(C) مینا ستونتی (D) کدم راؤ پدم راؤ

26. عام طور پر مخطوطات میں صفحہ نمبر نہیں ہوتا۔ اس کے بجائے دائیں جانب کے صفحے کے نیچے بائیں کونے میں اگلے صفحے کی پہلی سطر کے ایک دو الفاظ لکھ دیے جاتے ہیں تاکہ صفحات کا ربط معلوم ہو۔ ان الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) تحشیہ (B) ترک

(C) روایت (D) تعلیقہ

27. ''اشتر و سوزن'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(A) کلیم الدین احمد (B) قاضی عبدالودود

(C) نثار احمد فاروقی (D) سید محمد حسنین

28. ''تفسیر غالب'' کے عنوان سے غالب کے منسوخ کلام کی شرح کس نے لکھی؟

(A) نظم طباطبائی (B) نیاز فتح پوری

(C) بے خود موہانی (D) گیان چند جین

29. چار جلدوں پر مشتمل شمس الرحمٰن فاروقی کی معرکتہ الآرا تصنیف ''شعر شور انگیز'' میر کے دواوین کے منتخب اشعار کے انتقادی تجزیے پر مشتمل ہے۔اس کی پہلی جلد میں کس ردیف یا کون کون سی ردیفوں کے اشعار کا احاطہ کیا گیا ہے؟

(A) الف
(B) الف اور ب
(C) الف،ب اور پ
(D) الف،ب،پ اور ت

30. دیوانِ غالب کے نسخۂ حمیدیہ کو پہلی مرتبہ کس نے مرتب کیا؟

(A) ڈاکٹر عبداللطیف
(B) مالک رام
(C) مفتی انوار الحق
(D) امتیاز علی خاں عرشی

31. ''میرزا مظہر جان جاناں اور ان کا کلام'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) عبدالرزاق قریشی
(B) رشید حسن خان
(C) خلیق انجم
(D) پروفیسر خلیق احمد نظامی

32. کس محقق نے 'فسانہ عجائب کا بنیادی متن' کے نام سے اس دستان کی ایک روایت دریافت اور شائع کی جو محقق کے خیال میں فسانہ عجائب کی اولین روایت ہے،جس میں سرور نے سادہ نثر نگاری اور اختصار سے کام لیا ہے؟

(A) مخمور اکبرآبادی
(B) ڈاکٹر سید سلیمان حسین
(C) ڈاکٹر محمود الہیٰ
(D) اطہر پرویز

33. سراج اورنگ آبادی کی کلیات کو پہلی مرتبہ کس نے مدون کر کے اپنے مفید مقدمے کے ساتھ شائع کیا؟

(A) نصیر الدین ہاشمی
(B) مولوی عبدالحق
(C) پروفیسر عبدالمجید صدیقی
(D) پروفیسر عبدالقادر سروری

34. تحقیق میں نظری کلام سے مراد ہے..................

(A) شاعر کا نظر ثانی کیا ہوا کلام
(B) شاعر کا متداول کلام
(C) شاعر کا منسوخ کلام
(D) شاعر کا مستند کلام

35. غلط جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) افضل بیگ قاقشال :تحفتہ الشعرا
(B) اعظم الدولہ سرور:طبقات الشعراء
(C) مرزا علی لطف:گلشن ہند
(D) لچھمی نرائن شفیق :چمنستان شعرا

36. ''عمادالتحقیق' کس کی تصنیف ہے؟

(A) سید کلب عابد
(B) عبدالرزاق قریشی
(C) خلیق انجم
(D) ڈاکٹر سلطانہ بخش

37. رسالہ ''آج کل'' (دہلی) کا ''اردو تحقیق نمبر'' کب شائع ہوا؟

(A) اگست 1967
(B) جنوری 1968
(C) مارچ 1969
(D) دسمبر 1970

38. ماسٹر رام چندر پر سیدہ جعفر کے علاوہ اور کس نے کتاب لکھی؟

(A) امداد صابری
(B) حکیم چند نیر
(C) دتاتریہ کیفی
(D) صدیق الرحمٰن قدوائی

39. حامد حسن قادری کی تصنیف ''داستان تاریخ اردو' کا امتیاز کیا ہے؟ (ذیل کے بیانات کو پڑھ کر صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے)۔

الف: اس میں صرف شاعروں کا تذکرہ ہے
ب: اس میں صرف نثر نگاروں کا تذکرہ ہے
ج: اس میں شعرا اور نثر نگاروں دونوں کا تذکرہ ہے
د: اس میں مستشرقین کے کارناموں کو تفصیل سے پیش کیا گیا ہے

(A) الف اور د
(B) ب اور ج
(C) ب اور د
(D) الف اور ج

40. اردو میں تدوین متن کے فن پر لکھی جانے والی پہلی کتاب کون سی ہے؟

(A) اصول تحقیق و ترتیب متن
(B) متنی تنقید
(C) تدوین متن کے مسائل
(D) تحقیق و تدوین

41. کس شاعر نے ''دیوان زادہ'' کے نام سے اپنے ضخیم دیوان کا انتخاب مرتب کیا؟

(A) مرزا مظہر جان جاناں
(B) خواجہ میر درد
(C) شاہ حاتم
(D) ناسخ

42. میر تقی میرؔ نے کس شاعر کے روبرو اس کی شاعری کے بارے میں کہا تھا:
''کیفیت اس کی یہ ہے کہ تم شعر تو کہہ نہیں جانتے ہو اپنی چوما چاٹا کہہ لیا کرو۔''

(A) میر سوز
(B) جرأت
(C) انعام اللہ یقین
(D) قائم چاند پوری

43. علامہ اقبال کے خطوط ''کلیات مکاتیب اقبال'' کے عنوان سے کس نے مرتب کیے؟

(A) سید مظفر حسین برنی
(B) رفیع الدین ہاشمی
(C) جگن ناتھ آزاد
(D) نذیر احمد نیازی

44. رام بابو سکسینہ کی تصنیف "A History of Urdu Literatue" کا ترجمہ ''اردو ادب کی تاریخ'' کے نام سے کس نے کیا ہے؟

(A) علی جواد زیدی
(B) پروفیسر سید حسن عسکری
(C) مرزا محمد عسکری
(D) محمد حسن عسکری

45. تدوین متن کا اصل مقصد:

(A) مصنف کے دستخطی نسخے کی بازیافت
(B) متن کے سب سے قدیم نسخے کی بازیافت
(C) کسی متن کے سب سے خوش خط مخطوطے کی بازیافت
(D) کسی تصنیف کے اصل متن کی بازفت

46. دلّی میں خان آرزو 'استاذ الشعرا' کی حیثیت رکھتے تھے۔ اردو میں ان کے کہے ہوئے کتنے اشعار دستیاب ہوئے ہیں؟

(A) ستائیس
(B) ایک سو ستائیس
(C) دو سو
(D) پانچ سو

47. کس شاعر کا تعلق ایہام گو شعرا کے زمرے سے نہیں ہے؟

(A) انعام اللہ یقین
(B) شاکر ناجی
(C) شاہ مبارک آبرو
(D) شرف الدین مضمون

48. سوداؔ نے کس سنہ میں انتقال کیا؟

(A) 1781
(B) 1782
(C) 1783
(D) 1784

49. نظیر اکبر آبادی کے والد کا نام کیا تھا؟

(A) محمد شفیع
(B) خدا بخش
(C) ماشاءاللہ خاں
(D) شیخ محمد فاروق

50. شیفتہ نے اپنے تذکرے گلشن بے خار میں کس شاعر کے بارے میں یہ کہا کہ اس نے کسی صنف میں شعرا کے مقررہ طریقے کے مطابق شعر نہ کہے۔

(A) جعفر زٹلی
(B) سوداؔ
(C) انشاء
(D) نظیر اکبر آبادی

## حصہ دوم

## (اردو)

51. اپ بھرنشوں کا دور کب سے کب تک مانا جاتا ہے؟

(A) 1500 ق۔م تا 500 ق۔م
(B) 1000 ق۔م تا 500ق۔م
(C) 500 ق۔م تا مولودمسیح
(D) 500 ء تا 1000 ء

52. اردو زبان کے آغاز وارتقا سے متعلق سامی نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) محمود شیرانی
(C) نصیرالدین ہاشمی
(D) سہیل بخاری

53. لسانیات کے ماہرین نے ادبی پراکرتوں میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ پراکرت کسے کہا ہے؟

(A) ماگدھی پراکرت
(B) مہاراشٹری پراکرت
(C) شورسینی پراکرت
(D) پشاچی پراکرت

54. ''شبلی نامہ'' کے عنوان سے شبلی کی سوانح عمری کس نے لکھی؟

(A) سید سلیمان ندوی
(B) مولانا عبدالسلام ندوی
(C) شاہ معین الدین ندوی
(D) شیخ محمد اکرام

55. درج ذیل میں کس کا تعلق اعضائے نطق سے نہیں ہے؟

(A) خلائے دنداں
(B) خلائے حنجرہ
(C) خلائے حلق
(D) خلائے بنی

56. شاعری میں مبالغے کو ضروری قرار دیتے ہوئے کس نے یہ کہا تھا کہ:

بہترین شعر وہ ہے جو سب سے زیادہ جھوٹا ہو۔

(A) ابن خلدون
(B) قدامہ ابن جعفر
(C) ابن رشیق
(D) شمس قیس رازی

57. اسلوبیاتی تنقید کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

الف :مختصر نظم یا غزل کے تجزیے میں اس سے مدد لی جاسکتی ہے لیکن ضخیم تخلیقات اس کے قابو سے باہر ہیں۔

ب : اسلوبیاتی مطالعے عام قاری کے لیے دلچسپ اور قابل فہم ہوتے ہیں۔

(A) الف درست ہے ب غلط
(B) الف اور ب دونوں درست
(C) الف غلط ہے ب درست
(D) الف اور ب دونوں غلط

58. ذیل میں سے کس کا تعلق مابعد جدیدیت سے ہے؟

(A) ممتاز حسین
(B) وارث علوی
(C) ناصر عباس نیر
(D) سلیم احمد

59. ذیل میں کون سی کتاب احتشام حسین کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) نظر اور نظریے
(B) عکس اور آئینے
(C) ذوق ادب اور شعور
(D) تنقید اور عملی تنقید

60. درج ذیل اشعار کا تعلق کس صنف سے ہے؟

ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ بیاباں وہ سحر — دم بدم جھومتے تھے وجد کے عالم میں شجر
اوس نے فرش زمرد پہ بچھائے تھے گہر — لوٹی جاتی تھی لہکتے ہوئے سبزے پہ نظر
دشت سے جھوم کے جب باد صبا آتی تھی — صاف غنچے کے چٹکنے کی صدا آتی تھی

(A) مثنوی
(B) قطعہ
(C) مرثیہ
(D) نظم معرا

61. درج ذیل مصرع اختر الایمان کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

''دیکھو ہم نے ایسے بسر کی اس آباد خرابے میں''

(A) ایک لڑکا
(B) یادیں
(C) مسجد
(D) ڈاسنہ اسٹیشن کا مسافر

62. غبار خاطر (مرتبہ مالک رام) کے کس خط میں ''حکایت زاغ و بلبل'' لکھی ہے؟

(A) خط نمبر 15
(B) خط نمبر 16
(C) خط نمبر 17
(D) خط نمبر 18

63. انشائیہ ''چار پائی اور کلچر'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) کنہیالال کپور
(B) مشتاق احمد یوسفی
(C) ابن انشا
(D) رشید احمد صدیقی

64. درج ذیل اشعار کس مثنوی سے لیے گئے ہیں؟

اک مرغ ہوا اسیر صیاد — دانا تھا وہ طائر چمن زاد
بولا جب اس نے باندھے بازو — کھلتا نہیں کس طمع پہ ہے تو
بیچا، تو ٹکے کا جانور ہوں — گر ذبح کیا، تو مشت پر ہو

(A) دریائے عشق
(B) زہر عشق
(C) سحرالبیان
(D) گلزار نسیم

65. کس نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ غزل کی گردن بے تکلف ماردینی چاہیے؟

(A) عظمت اللہ خاں
(B) عندلیب شادانی
(C) وحیدالدین سلیم
(D) جوش ملیح آبادی

66. اس جملے کو مکمل کرنے کے لیے صحیح بیانات کی نشاندہی کیجیے۔

امتیاز علی تاج کے ڈرامے ''انارکلی'' میں........................

(1) تین ایکٹ ہیں (2) چار ایکٹ ہیں (3) دس سین ہیں (4) تیرہ سین ہیں

(A) پہلا اور تیسرا
(B) دوسرا اور چوتھا
(C) دوسرا اور تیسرا
(D) پہلا اور چوتھا

67. رباعی بحر ہزج کے کتنے اوزان میں کہی جاتی ہے؟

(A) 18
(B) 20
(C) 22
(D) 24

68. ذیل کے بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

الف : نفسیاتی تنقید، تخلیق کے پس پردہ تخلیق کار کے داخلی اسباب و محرکات پر روشنی ڈال سکتی ہے۔

ب: نفسیاتی تنقید ادب پارے کی قدر و قیمت اور اس مقام کا تعین نہیں کرسکتی۔

(A) الف صحیح، ب غلط
(B) الف اور ب دونوں صحیح
(C) الف اور ب دونوں غلط
(D) الف غلط، ب صحیح

69. دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کب قائم کیا گیا تھا؟

(A) 1916 (B) 1917

(C) 1918 (D) 1919

70. تاریخی ترتیب کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) میرؔ ، سوداؔ ، جانجانان مظہرؔ درد (B) درد، جانجانان مظہر، سودا ، میر

(C) سودا ۔ میر ۔ درد ۔ جانجانان مظہر (D) جانجانان مظہر، سودا، درد، میر

71. حلقہ ارباب ذوق کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1939 (B) 1940

(C) 1941 (D) 1942

72. ''سفرنامۂ روم ومصر وشام'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) سرسید احمد خان (B) مولانا سید سلیمان ندوی

(C) خواجہ حسن نظامی (D) مولانا شبلی نعمانی

73. انتظار حسین نے ذیل کے کس افسانے میں عہد نامہ عتیق کی حکایت سے استفادہ کیا ہے؟

(A) کچھوے (B) آخری آدمی

(C) سوئیاں (D) زرد کتا

74. ''گنگی'' کا کردار پریم چند کے کس افسانے میں ملتا ہے؟

(A) دودھ کی قیمت (B) سواسیر گیہوں

(C) ٹھاکر کا کنواں (D) گھاس والی

75. بالمکند شرما جوش کا کردار جو ایک فلسفی اور شاعر، سیکولر مزاج کا حساس انسان اور ہندو مسلم مشترکہ تہذیب کا نمونہ ہے۔ مشرف عالم ذوقی نے کس ناول میں پیش کیا ہے؟

(A) نیلام گھر (B) بیان

(C) مسلمان (D) آتش رفتہ کا سراغ

76. کتاب ''مرثیے کی سماجیات'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) مسعود حسن رضوی ادیب
(B) مسیح الزماں
(C) سفارش حسین رضوی
(D) سید محمد عقیل رضوی

77. درج ذیل سطور سے کس ناول کا آغاز ہوتا ہے:

''اب تو 651ھ ہے مگر اس سے ڈیڑھ سو سال پیشتر سیاحوں اور خاصیتہً حاجیوں کے لیے وہ کچی اور اونچی نیچی سڑک نہایت ہی اندیشہ ناک اور پرخطر تھی جو بحر خزر ( کیسپین سی ) کے جنوبی ساحل سے شروع ہوتی ہے اور شہر آمل میں ہوتی ہوئی شاہنامے کے قدیم دیوستان یعنی ملک ماژندران اور علاقہ رودبار سے گزرتی اور کوہسار طالقان کو شمالاً جنوباً قطع کرتی ہوئی شہر قزوین کو نکل گئی ہے۔ مدتوں سے اس سڑک کا حال یہ ہے کہ دن دہاڑے بڑے بڑے قافلے لٹ جاتے ہیں۔

(A) دشتِ سوس
(B) آگ کا دریا
(C) بستی
(D) فردوس بریں

78. کون سا مضمون سرسید احمد خان کا نہیں ہے؟

(A) تعلیم و تربیت
(B) زبان گویا
(C) گزرا ہوا زمانہ
(D) امید کی خوشی

79. ''اقلیما سے پرے ہو'' کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے؟

(A) سریندر پرکاش
(B) بلراج مینرا
(C) اکرام باگ
(D) انتظار حسین

80. یہ شعر کس کا ہے:

امید سے کم چشم خریدار میں آئے    ہم لوگ ذرا دیر سے بازار میں آئے

(A) عرفان صدیقی
(B) مجروح سلطان پوری
(C) شہریار
(D) ناصر کاظمی

81. اردو کے پہلے اخبار ''جام جہاں نما'' کے مدیر کون تھے؟

(A) منشی سدا سکھ
(B) ماسٹر رام چندر
(C) ہری ہردت
(D) آغا محمد باقر

82. انجمن پنجاب لاہور کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 21 جنوری 1865ء
(B) 31 جنوری 1866ء
(C) 15 فروری 1867 ء
(D) 20 فروری 1868

83. کس کے زیر اثر ہئیت پر مواد کو ترجیح دی گئی؟

(A) علی گڑھ تحریک
(B) ترقی پسند تحریک
(C) رومانوی تحریک
(D) جدیدیت

84. فورٹ سینٹ جارج کالج کی سب سے اہم داستان کون سی ہے؟

(A) ملکہ زماں وکام کندلہ
(B) جذب عشق
(C) حکایات الجلیلہ
(D) انوار سہیلی

85. تنقید میں بغور مطالعہ (Close Reading) کا تصور کس نقاد نے دیا؟

(A) ٹی۔ایس۔ایلیٹ
(B) آئی۔اے۔رچرڈز
(C) میتھیو آرنلڈ
(D) شکلووسکی

86. ذیل کے کس مزاح نگار کی نگارشات کا صرف ایک ہی مجموعہ شائع ہوا؟

(A) کنہیالال کپور
(B) فرحت اللہ بیگ
(C) پطرس
(D) شفیق الرحمٰن

87. تھامس گرے کی مشہور نظم Elegy Written in a Country Churchyard کا ترجمہ ''گورغریباں'' کے نام سے کس نے کیا؟

(A) عبدالحلیم شرر
(B) نظم طباطبائی
(C) ظفر علی خان
(D) شاکر میرٹھی

88. سجاد ظہیر نے اپنے ناول ''لندن کی ایک رات'' میں شعور کی رو کی تکنیک کا پہلی مرتبہ استعمال کیا تھا؟ ان کا یہ ناول کب شائع ہوا؟

(A) 1935
(B) 1936
(C) 1938
(D) 1939

89. ''آخری کوشش'' کس افسانہ نگار کی تخلیق ہے؟

(A) حیات اللہ انصاری
(B) احمد ندیم قاسمی
(C) سہیل عظیم آبادی
(D) دیویندر ستیارتھی

90. جس قصیدے کا آغاز تمہید اور گریز کے بغیر راست مدح سے کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مشبب
(B) خصی
(C) مجددیہ
(D) بہاریہ

91. بین التونیت (Inter Textuality) کی اصطلاح کس نے وضع کی؟

(A) دریدا
(B) شلائر ماخر
(C) آلتھیوسے
(D) جولیا کرسٹیوا

92. کس کے نظام خیال میں ڈسکورس کو کلیدی اہمیت حاصل ہے؟

(A) کلاڈ لیوی اسٹراس
(B) ہائیڈ یگر
(C) جوناتھن کلر
(D) مشل فوکو

93. رپورتاژ ''پو پھٹے'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) خدیجہ مستور
(B) عصمت چغتائی
(C) قرۃ العین حیدر
(D) صفیہ اختر

94. کس نقاد نے میرا جی کی ''شعری شخصیت'' کو 'دھرتی پوجا' کی ایک مثال قرار دیا تھا؟

(A) وزیر آغا
(B) خلیل الرحمٰن اعظمی
(C) ریاض احمد
(D) وقار عظیم

95. درج ذیل اشعار اقبال کی کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

کیا سنا تا ہے مجھے ترک و عرب کی داستاں — مجھ سے کچھ پنہاں نہیں اسلامیوں کا سوز و ساز
لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیل — خشت بنیاد کلیسا بن گئی خاک حجاز

(A) طلوع اسلام
(B) خضر راہ
(C) ذوق وشوق
(D) شمع اور شاعر

96. چھمّی کس ناول کا خود سر اور ضدی کردار ہے؟

(A) خدا کی بستی
(B) آنگن
(C) آخرشب کے ہم سفر
(D) فائر ایریا

97. اردو کا پہلا خاکہ ''ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' پہلی مرتبہ کب شائع ہوا؟

(A) 1927 (B) 1928

(C) 1929 (D) 1930

98. نئی تاریخیت (New Historicism) کی اصطلاح کس نے متعارف کروائی۔

(A) سانت بیو (B) ٹین

(C) اسٹیفن گرین بلاٹ (D) کارل پاپر

99. مضمون Tradition and Individual Talent (روایت اور انفرادی صلاحیت) کس کی تصنیف ہے؟

(A) ٹی۔ایس۔ایلیٹ (B) بوئیلو

(C) کولرج (D) کروچے

100. ناول ''چاند ہم سے باتیں کرتا ہے'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) پیغام آفاقی (B) عبدالصمد

(C) شموئل احمد (D) نورالحسنین

☆☆☆